سوال

(468)رکوع اور سجدے کی تسبیح

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

نماز میں رکوع کی تسبیح (سُبحَانَ رَبِّیَ العَظِیمِ) اگر بھول کر سجدہ میں پڑھی جائے اور سجدہ کی تسبیح (سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی) اگر رکوع میں پڑھی جائے تو کیا نماز صحیح ادا ہوجائے گی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ہاں! نماز صحیح ادا ہوجائے گی، البتہ اولیٰ وبہتر کے خلاف ہے، جان بوجھ کر ایسا کرنا درست نہیں۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : ''جس نے رکوع میں تین بار (سُبحَانَ رَبِّیَ العَظِیمِ) کہا اس کا رکوع پورا ہوگیا، مگر یہ کم از کم تعداد ہے اور جس نے سجدہ میں تین بار (سُبحَانَ رَبِّیَ الاَعلٰی) کہا اس کا سجدہ پورا ہوگیا، مگر یہ کم از کم تعداد ہے۔'' (ابوداؤد، ابن ماجہ)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1

محدث فتویٰ